علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

کلیۂ عربی وعلومِ اسلامیہ

(شعبہ حدیث وسیرت)

کورس: اسلامیات لازمی (416) — سمسٹر: بہار 2014ء

سطح: ایسوسی ایٹ ڈگری — پاس مارکس: 50

بستہ برائے طلبہ

عزیز طالب علم / طالبہ ! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اس ڈاک کے ہمراہ آپ کو درج ذیل درسی مواد بھیجا جا رہا ہے۔ اگر بستے میں متذکرہ کوئی چیز موصول نہ ہو تو اس کی اطلاع شعبہ ترسیل، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کو دیں تا کہ اس کمی کو پورا کیا جا سکے۔

1- کتاب اسلامیات لازمی — ایک عدد

2- عمومی رہنمائے طلبہ — ایک عدد

3- امتحانی مشق نمبر 1 تا 2 — ایک عدد

4- فارم برائے امتحانی مشقیں (پرت) — چھ عدد

5- اوقات نامہ — (الف) مشقی کام (ب) تعلیمی اجتماعات (ج) ریڈیو پروگرام

کورس رابطہ کار

محمد رفیق صادق
لیکچرار
شعبہ حدیث وسیرت

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

کلیہ عربی وعلوم اسلامی
(شعبہ حدیث وسیرت)

کورس: اسلامیات لازمی (416) — سمسٹر: بہار 2014ء

سطح: ایسوسی ایٹ ڈگری — پاس مارکس: 50

راہنمائے طلبہ

عزیز طلباء وطالبات! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اسلامیات لازمی (416) کے کورس میں ہم آپ کو خوش آمدید کہتے ہیں اور دینی تعلیم سے آپ کی دلچسپی کی قدر کرتے ہیں۔ ہمیں امید ہے کہ اس کورس کو بہت مفید پائیں گے۔

آپ کی توجہ کے لیے عرض ہے کہ فاصلاتی نظام تعلیم میں بذریعہ مراسلت تعلیم حاصل کرنے کے لیے آپ کو زیادہ محنت کرنا ہوگی اس کے علاوہ پابندی وقت اور مستقل مزاجی کے ساتھ مطالعہ کی عادت اپنانا ہوگی۔

یونیورسٹی کورس/مضمون کے مختلف ابواب کو یونٹس کہا جاتا ہے۔ ایک یونٹ میں ایک ہفتے کا مطالعاتی مواد ہوتا ہے اس لیے ایک ہفتے میں ایک یونٹ کا مطالعہ ضرور کیجئے۔ مطالعہ کے دوران اہم نکات اور ضروری معلومات کو پنسل سے انڈر لائن کرلیں اور بہتر ہے کہ ہر یونٹ کا خلاصہ اور اہم نکات نوٹ بک پر لکھ لیجئے۔ اس طرح معلومات جلد ذہن نشین ہو جائیں گی اور آپ کو بار بار یونٹ پڑھنے اور اسے یاد کرنے کی ضرورت محسوس نہ ہوگی نیز مطالعہ یکسوئی اور توجہ سے پرسکون ماحول میں کیجئے۔

مطالعہ کے ساتھ ساتھ امتحانی مشقی کام کو بھی پیش نظر رکھیئے ایک مشقی کام چار یونٹوں پر مبنی ہوتا ہے اس لیے ان یونٹوں کا مطالعہ کرانے کے بعد مشقی کام حل کیجئے اور جوابات خوش خط لکھیئے۔ مشقی کام مکمل کرنے کے بعد فارم برائے مشقی کام (تین عدد) پر کر لیجئے۔ ان فارموں پر اپنا نام، پتہ اور رول نمبر وغیرہ احتیاط سے لکھیئے اور کوئی کالم خالی نہ چھوڑیئے اس کے بعد مشقی کام مع فارم (پرت) مقررہ کورس ٹیوٹر کو مشقی کام بھیجنے کی آخری تاریخ سے پہلے ارسال کر دیجئے جو اسے چیک کرنے کے بعد آپ کو واپس بھیج دیں گے۔ مشقی کام نمبر 2 حل کرنے سے پہلے چیک شدہ مشقی کام اپنے سامنے رکھیئے اور ان غلطیوں کو دہرانے سے احتراز کیجئے جن کی نشاندہی ٹیوٹر نے پہلے مشقی کام میں کی ہو، اس سے آپ کے دیگر مشقی کام کا معیار بہتر ہوگا اور آپ پہلے سے زیادہ نمبر حاصل کر سکیں گے۔

ہمیں امید ہے کہ یہ کورس آپ کے لیے مفید معلومات کا ذریعہ بنے گا اور آپ کی عملی زندگی میں مدد ومعاون ثابت ہوگا۔

کورس رابطہ کار

محمد رفیق صادق
لیکچرار
شعبہ حدیث وسیرت

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

کلیہ عربی و علومِ اسلامیہ

(شعبہ حدیث و سیرت)

وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1- اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کرکے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی جعلی اسٹوڈنٹ سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: اسلامیات لازمی (416) — **سمسٹر: بہار 2014ء**

سطح: بی اے / ایسوسی ایٹ ڈگری — **کل نمبر: 100**

مشقی کام نمبر 1

(یونٹ: 1 تا 4)

نوٹ: مشقی کام شروع کرنے سے پیشتر متعلقہ یونٹوں کا مطالعہ ضرور کریں۔

سوال نمبر 1- عقیدہ توحید کے لفظی و اصطلاحی معنی بتاتے ہوئے توحید کی اہمیت بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 2- سورۃ الفرقان میں مسلمانوں کے لیے کیا ہدایات بھیجی گئی ہیں؟ تفصیلی تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 3- سورۃ الحجرات میں مسلمانوں کو اصلاح معاشرہ کے کن آداب سے روشناس کرایا گیا ہے؟ بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 4- عقیدہ رسالت سے کیا مراد ہے؟ ختم نبوت پر تفصیلی روشنی ڈالیں۔ (20)

سوال نمبر 5- امر بالمعروف و نہی عن المنکر پر قرآن و حدیث کی روشنی میں تفصیلی نوٹ تحریر کریں۔ (20)

مشقی کام نمبر 2

(یونٹ: 5 تا 9) — **کل نمبر: 100**

سوال نمبر 1- جہاد کے بارے میں قرآن و سنت کی روشنی میں وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 2- روزے کے احکام و مقاصد پر تفصیلی روشنی ڈالیں۔ (20)

سوال نمبر 3- احسان کا مفہوم بتاتے ہوئے فضائل احسان اور مراتب احسان تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 4- حج ارکانِ اسلام کا کون سا رکن ہے؟ مناسک حج تفصیل سے تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 5- اسلامی معاشرے کی بنیادی خصوصیات اور اخلاقی اقدار کی بابت تفصیلی تحریر کریں۔ (20)